SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

---

*Sunday January 15, 1989*

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Qur'an)*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ
الْحُسْنٰى ۭ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾

سورہ الحشر ۲۱ تا ۲۴

ترجمہ: وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ جاننے والا ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا وہی بڑا مہربان رحم والا ہے

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Sunday January 15, 1989*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Qur'an)*

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ
الْحُسْنٰى ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۲۴﴾

سورہ الحشر ۲۱ تا ۲۴

ترجمہ: وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ جاننے والا
ہے پوشیدہ چیزوں کا اور ظاہر چیزوں کا وہی بڑا مہربان رحم والا ہے

وہ ایسا معبود ہے کہ اس کے سوا کوئی اور معبود نہیں وہ بادشاہ ہے پاک ہے سالم ہے امن دینے والا ہے نگہبانی کرنے والا ہے زبردست ہے خرابی کا درست کرنے والا ہے بڑی عظمت والا ہے اللہ تعالے لوگوں کے شرک سے پاک ہے وہ معبود ہے پیدا کرنے والا ہے ٹھیک ٹھیک بنانے والا ہے صورت بنانے والا ہے اس کے اچھے اچھے نام ہیں سب چیزیں اس کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

## OATH-TAKING

جناب محمد طارق چوہدری : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین : طارق چوہدری صاحب! ہمارے ایک نئے رکن ہیں ان کو حلف اٹھا لینے دیجئے اس کے بعد آپ پوائنٹ آف آرڈر کریں گے۔ جناب بشیر احمد صاحب

(جناب بشیر احمد نے حلف اٹھایا۔)

جناب چیئرمین : بشیر احمد صاحب آپ کو بہت بہت مبارک ہو۔

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : بریگیڈیر (ریٹائرڈ) عبدالقیوم خان نے ناسازئ طبع کی بنا پر ۱۶ تا ۱۹ جنوری ۸۹ء رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی۔)

جناب چیئرمین : جناب سرتاج عزیز صاحب نے اسلام آباد سے باہر ہونے کی وجہ سے ۱۵ جنوری ۸۹ء سے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی۔)

جناب چیئرمین : محمد علی خان صاحب کیا آپ پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

## FATEHA

**Mr. Muhammad Ali Khan:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Mr. Chairman Sir, I rise to condole the sad and untimely demise of about hundred countrymen of ours who unfortunately lost their lives in a recent boat accident about thirty miles from Sahiwal. Similarly, in a recent blast at Peshawar four innocent lives were lost and 13 were injured. I pray to God Almighty that He may rest their souls in peace and give strength to the bereaved families so that they may be able to bear their irreparable losses. Sir, I suggest that the Government should conduct an enquiry into this boat accident so that similar mishaps do not occur again and similarly we are used to these blasts in the Frontier as it has become a daily routine. Now there is a strong rumour that people sitting in Afghanistan who are directly responsible for these terrorist activities in Pakistan are planning to return home and it is also alleged that a political party in the Frontier is arranging a very rousing reception for those terrorists. If this happens, God Almighty save this country. I request the Government that the moment they set their foot on the sacred soil of Pakistan they should be arrested and an open trial should be conducted and if found guilty, should be taken to task. If this does not happen the Almighty save this country and I am definite that the patriotic element in the country would definitely bear the brunt. I thank you, Sir.

جناب چیئرمین : میرے خیال میں، جن کا ذکر ہوا ہے، جن کا انتقال ہوا ہے، قاضی حسین احمد صاحب ان کی روح کے ایصالِ ثواب کے لیے دعا مانگیں۔

(دعائے مغفرت مانگی گئی)

## POINT OF ORDER; RE: NON-FULFILMENT OF ASSURANCE OF HOLDING A DEBATE ON FOREIGN POLICY

جناب چیئرمین : جناب طارق چوہدری صاحب، آپ کچھ کہنا چاہتے تھے

جناب محمد طارق چوہدری : آپ کی وساطت سے، مجھے یہ گزارش کرنی ہے کہ بہت دن بلکہ بہت مہینے پہلے، ہماری کچھ تحاریک کے جواب میں، (اس وقت بھی صاحبزادہ یعقوب خان صاحب موجود نہیں تھے) اور اُس وقت کے جو ہمارے وزیر عدل تھے، انہوں نے ہمیں یقین دلایا تھا کہ جونہی وہ تشریف لائیں گے،

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

خارجہ پالیسی پر بحث کی جائے گی، اس لئے ہم نے اپنی ان تحاریک پر زور نہیں دیا تھا اور یہ طے پایا تھا۔ لیکن اس وقت سے اب تک صورت حال بہت بدل چکی ہے، بہت سی نئی چیزیں وقوع پذیر ہو چکی ہیں، سارک کانفرنس اور افغانستان میں بدلتی ہوئی صورت حال، اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ ہم فوری طور پر اس مسئلہ پر بحث کریں اور یہ بات ہرگز مناسب نہیں ہے کہ فلور آف دی ہاؤس پر جو یقین دہانیاں کرائی جائیں، وہ وعدے کی بجائے، کچھ کرنیوں میں بدل جائیں، میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ آپ اس بارے میں اہتمام فرمائیں۔

جناب چیئرمین: اس سلسلے میں، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صاحبزادہ یعقوب خان صاحب کی طرف سے ایک اطلاع موصول ہوئی ہے کہ وہ ۱۹ تاریخ کو اس ایوان میں ایک سٹیٹمنٹ دیں گے سارک کانفرنس کے بارے میں، اس کے علاوہ جہاں تک ڈیبیٹ کا تعلق ہے، وہ میرے خیال میں آپ کسی وقت چیمبر میں تشریف لے آئیں، اس وقت ان سے رابطہ قائم کر کے، اگر وہ اس پر راضی ہوئے تو انشاء اللہ اس کے متعلق کوئی تاریخ مقرر کر دی جائے گی۔

پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! آپ کا بہت بہت شکریہ، آپ کو جناب چیئرمین! یاد ہوگا کہ اسی سلسلے میں، کشمیر پر [illegible] تحریک التوا منظور ہوئی تھی اور پچھلے سیشن میں وعدہ کیا گیا تھا کہ اس کے لئے کسی تاریخ کا تعین ہوگا۔ لیکن ہم ابھی تک اس تاریخ کا انتظار کر رہے ہیں۔ کیا یہ مناسب نہیں ہے کہ صاحبزادہ صاحب سے رابطہ قائم کر کے اس مسئلہ کو [illegible] کر دیا جائے اور اسی سیشن میں، دو دن، تین دن، جتنی بھی ضرورت ہو، فارن پالیسی سے متعلقہ موضوعات کو بحث کے لئے منتخب کر لیا جائے۔

جناب چیئرمین: صاحبزادہ صاحب آج موجود نہیں ہیں۔

*Insha Allah,* I am sure when he is here, he will like to respond to your query. Mr. Ahmedmian Soomro.

POINT OF ORDER; RE: TRANSACTING OTHER BUSINESS IN A SESSION REQUISITIONED FOR A PARTICULAR PURPOSE

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, may I point out that this session is a specially requisitioned session. It is not an ordinary session which is usually called by the Government and where it is at liberty to bring in any official business and so also the private business. This is a special session for a special purpose, after which it is you only who can prorogue it. I would therefore, seek your ruling on the fact whether any other matter can be taken up as this session will continue indefinitely I think, and the Government probably would not be able to bring in any legislation passed by the National Assembly in this session. Therefore, I will respectfully urge you to kindly clarify whether in this requisitioned session for a particular purpose — general business or private business or government business or other things could proceed.

Mr. Chairman: I don't think I need to give a ruling on this because with effect from day after onwards we will proceed with the agenda as given by those members of this honourable House who had requisitioned the session. And for that purpose, if necessary, we will have the rules suspended so that you can proceed with discussion on the political situation that is the purpose for which this session was called. So, tomorrow we will not be able to hold the session but it is now planned that day after tomorrow onwards we will have a session every day and we hope that we will be able to finish the business on the agenda whatever that is during this period and so your point will be answered.

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, my submission was, whether in this session anything other than what it has been requisitioned for could be undertaken?

Mr. Chairman: Well, I don't think I can give a ruling on this straightaway it will require a lengthy debate. I would like to hear the views of the honourable members before I give a ruling on a matter of this importance. I don't think it is necessary at this stage because in any case this matter is being taken up from day after tomorrow onwards. Thank you very much.

**Nawabzada Jehangir Shah:** Sir, there are two Bills, one is the Pakistan Penal Code (Amendment) Bill and the other is Pakistan Welfare State Bill which are pending for the last so many months. I think, since we have this opportunity, these should be taken first.

**Mr. Chairman:** That matter has already been referred to the Committee, once it comes back from the Committee it will be taken up. If you do not wish to wait for the Committee's repoit, the rules permit that on the Private Members' Day you can move a motion and if the other members of the House agree then we can proceed with the matter. But at the moment it is appropriate that the Committee should come up with its detailed findings on that matter so that you can discuss it in the House.

**Nawabzada Jehangir Shah:** Secondly the debate on the reports of the Council of Islamic Ideology has not been concluded yet. I think, that is a very important issue which should also be discussed in the House.

**Mr. Chairman:** That will come up in due course *Insha Allah*. Now, we will take up the privilege motion. Privilege Motion No. 1. Do. Noor Jehan Panezai.

## PRIVILEGE MOTION

### (1) RE: FAILURE OF P.T.V. IN DISPLAYING QUAID-I-AZAM'S PORTRAIT IN THE FIRST PRESS CONFERENCE OF THE PRIME MINISTER

ڈاکٹر نورجہان پانیزئی : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ، میں تحریک پیش کرتی ہوں کہ میرا اور اس معزز ایوان کا استحقاق پاکستان ٹیلی وژن کارپوریشن کے اس اقدام سے مجروح ہوا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان کی پہلی پریس کانفرنس میں بانیٔ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح صاحب کی تصویر دیوار پر آویزاں نہیں تھی بلکہ اس کی بجائے سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی تصویر بار بار دکھائی جاتی رہی ہے ۔ یہ ہمیشہ سے روایت رہی ہے کہ سربراہ مملکت یا سربراہ حکومت کی تقریر یا پریس کانفرنس کے وقت دیوار پر قائداعظم کی تصویر پس منظر میں دکھائی جایا

کرتی ہے لیکن اس قومی روایت کی خلاف ورزی سے بحیثیت رکن پارلیمنٹ کے مجھے شدید دکھ اور صدمہ پہنچا ہے میری طرح اس ایوان کے دیگر معزز ممبران کو بھی اس صدمے سے دوچار ہونا پڑا ہے اس طرح ہمارے استحقاق کو مجروح کیا گیا ہے کہ ہم سربراہان کے خطاب میں قائداعظم کی بجائے کسی دوسرے کی تصاویر دیکھیں ۔ اس سے قائد کے مقام و مرتبہ کو دانستہ کم کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ لہٰذا یہ فعل کرنے والے لوگوں کا معاملہ اس ایوان کی استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے ۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mr. Javed Jabbar: Opposed.

جناب چیئرمین : آپ اپنی اس تحریک کے حق میں کچھ کہنا چاہیں گی ۔

ڈاکٹر نور جہان پانیزئی : جناب چیئرمین ! بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح صاحب کی تصویر کو نظر انداز کرنا اس ملک اور قوم کے ساتھ سنگین مذاق ہے اور اس قوم کی توہین ہے اللہ پاک کی مہربانی سے اور جس لیڈر کی بدولت آج یہ خوب صورت ملک آزادی اور یہ ساری آسائشیں ہمیں میسر ہیں ۔ اس کو نظر انداز کر کے اس کی بجائے اس شخص کی تصویر دکھانا جس کو دو صوبوں نے reject کیا ہوا ہے اور وہاں پر اسکی حکومت نہیں تھی ، اور جس کی وجہ سے خاص طور پر بلوچستان کا صوبہ اس لیڈر کی وجہ سے آگ کے شعلوں میں لپٹا ہوا تھا ۔ اس فعل کی وجہ سے ساری قوم کو شدید صدمہ پہنچا ہے ۔ خصوصی طور پر بلوچستان کو ، کیونکہ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ قائداعظم کی بجائے کسی دوسرے کی تصویر دکھانا قائد کے مقام اور مرتبہ کو کم کرنا ہے میں اس بارے میں یہ کہنا چاہتی ہوں ۔ اور یہ میری شدید خواہش اور گزارش ہوگی کہ آپ اس موشن کو ایڈمٹ کریں ۔

جناب جاوید جبار : شکریہ ! جناب چیئرمین ۔

جناب چیئرمین : پروفیسر صاحب اس پر اگر آپ مختصراً کہنا چاہیں تو

Otherwise I can ask the honourable Minister to make his statement afterwards.

اگر آپ مختصراً کچھ کہنا چاہیں۔ تو فرمائیں۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین بہت شکریہ۔ ہماری محترمہ ڈاکٹر نور جہان صاحبہ نے بہت ہی اہم مسئلہ کی طرف اس ایوان کی توجہ مبذول کرائی ہے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح، جن کی مساعی جمیلہ کے نتیجہ میں اور امت کی مکمل تائید سے یہ ملک وجود میں آیا، ان کا ایک منفرد مقام ہے وہ بانی پاکستان، تحریک پاکستان کے قائد اس ملک کے پہلے گورنر جنرل، بلاشبہ اس کے بعد بھی سربراہان حکومت اور سربراہان مملکت آئے ہیں اور آتے رہیں گے۔ لیکن کسی کی حیثیت وہ نہیں ہے جو قائداعظم کی ہے اور اس سلسلے میں، میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ پہلی قانون ساز اسمبلی آف پاکستان نے متفقہ طور پر قائداعظم کو یعنی گو امت نے اور قوم نے پہلے قائداعظم تسلیم کر لیا لیکن یہ اعزاز صرف ان کو حاصل ہے کہ Constituent Assembly نے officially ان کو قائداعظم کی حیثیت سے recognize کیا۔ اور یہی officially پوزیشن بنی۔ جناب والا ایسا محسوس ہوتا ہے کہ موجودہ حکومت نے اس بات کی کوشش کی ہے کہ قائداعظم کو جو حیثیت اور مقام حاصل ہے اسے پس پشت ڈالا جائے اور اس کے مقابلے میں ایک دوسرے فرد کو پروجیکٹ کیا جائے یہ قائداعظم کے لئے پاکستان کے لئے۔ پاکستان کے تمام شہریوں کے لئے ایک Insulting behaviour ہے جس شخص نے بھی اس پہلی پریس کانفرنس کو دیکھا اور میں نے خود اسکو ٹی وی پر دیکھا اس میں صاف محسوس ہوتا تھا کہ پروجیکشن کا یہ خاص نظام اختیار کیا جا رہا ہے بلاشبہ جن صاحب کی تصویر دکھائی گئی وہ اس ملک کے وزیراعظم رہے اور اس حیثیت سے جس طرح اس ملک کے باقی تمام سابق وزرائے اعظم ہیں جو احترام یا عدم احترام ان سب کا استحقاق ہے جو وہ ان کا بھی ہے لیکن نہ اس سے زیادہ نہ اس سے کم۔ دوسری بات یہ بھی سامنے رہے اس ملک کی اعلیٰ ترین عدالت نے موصوف کو ملک کے قانون کے تحت سزا دی ہے اور اس سزا کو execute کیا گیا ہم ایک طرف عدالت کا احترام کرتے ہیں۔ tribute pay کرتے ہیں اگر اس کا فیصلہ ہماری خواہشات کے مطابق ہو اور اگر عدالت

کا فیصلہ ہماری خواہشات کے مطابق ہو تو ہم ان فیصلوں کو نظر انداز کرتے ہیں اور شنید نہ معلوم اور کیا کیا؟ ۲۵۔ دسمبر کو قائد اعظم کا یوم پیدائش تھا اور اسے پوری قوم ہمیشہ مناتی ہے لیکن اس سال جو اہمیت ۲۵۔ دسمبر کو دی گئی اور اس کے مقابلے میں ۵ جنوری کا ایک ڈرامہ رچا گیا... (مداخلت)

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب ذرا ایڈمسبلٹی پر بات کریں۔

پروفیسر خورشید احمد: جی میں بہت مختصر عرض کر رہا ہوں یہ مسئلہ دراصل ٹیکنیکل نہیں ہے...... (مداخلت)

Mr. Javed Jabbar: Point of order. Mr. Chairman, may I point out that this privilege motion is based on an incorrect factual statement.

Mr. Chairman: Let him complete then.

Mr. Javed Jabbar: May I then at least request that the mover or the people speaking in support of the motion should confine themselves to the substance of the motion.

Mr. Chairman: This is what I have already requested the honourable Member, Prof. Khurshid Ahmed to please confine yourself to the admissibility of the motion, briefly.

پروفیسر خورشید احمد: جی بالکل بڑی عنایت ہے آپ کی میں بالکل اختصار سے بات کر رہا ہوں یہ مسئلہ دراصل چونکہ قانونی نہیں ہے یعنی میں اگر اس کے لئے وہی پرانی بحثیں کروں کہ پریویلج کا دائرہ کتنا وسیع کیا جا سکتا ہے اور اس کے بارے میں کس قسم کی روایات موجود ہیں تو میں وہ بحث بھی کر سکتا ہوں اور آپ اس بات سے واقف ہیں لیکن میرا خیال یہ ہے کہ یہ اتنا sensitive issue ہے اور ایسا ایک ہی issue ہے کہ اس کو ہم بجائے اس کے کہ ٹیکنیکل انداز میں لیں ہم قوم کے جذبات اس ایوان کے جذبات پاکستان کی آبرو کے اس criteria کی رو سے

[Prof. Khurshid Ahmed]

اس کا جائزہ لیں۔ اور اس پہلو سے میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ کہا گیا ہے اس کی حیثیت violation of privilege کی ہے اور اس کا نوٹس لیا جانا چاہیئے۔ شکریہ!

Mr. Chairman: Thank you, Mr. Javed Jabbar.

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman, I would like to begin by stating. . . . *(Interruptions)*

جناب چیئرمین: جی اس پر ضروری نہیں ہوتا۔ اس وقت اس کی ایڈمیسبلٹی پر بات ہو رہی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کا تعلق بابائے قوم کے ساتھ ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کے جذبات کی ترجمانی، میں سمجھتا ہوں کہ پروفیسر خورشید صاحب ڈاکٹر نور جہان صاحبہ نے واضح طور پر کی ہے اگر مزید ضرورت پڑی آپ کی امداد کی میں آپ سے پوچھوں گا لیکن چونکہ وزیر صاحب نے فرمایا ہے کہ وہ اس کی واقعاتی طور پر مخالفت کر رہے ہیں حالانکہ واقعات ایسے نہیں ہوئے تو پھر بھی انکی statement آجائے تو بات زیادہ واضح ہو جائے گی۔ جی جناب جاوید جبار!

Mr. Javed Jabbar: Thank you very much, Mr. Chairman.

I would like to begin by stating that the Prime Minister of Pakistan Mohtarma Benazir Bhutto holds the person of the Quaid-i-Azam Muhammad Ali Jinnah in the deepest possible esteem and regard as a citizen of this country, as the elected Prime Minister of this country. I do not think that this subject should be stressed beyond stating this fact. Because there is no doubt in the minds of the people of this country as to her regard for that individual and it would be demeaning for us to present any proof or evidence to substantiate this statement. Secondly, Mr. Chairman, as a practice, the portrait of the Quaid-i-Azam is not used when a press conference

is held. This can be substantiated from the records available on video tape. Press conferences can be held at airports, they can be held in venues which may or may not have the portraits. The portrait of the Quaid-i-Azam is normally used when a formal address to the nation is rendered. Portrait of the Quaid-i-Azam at least in so far as the medium of television is concerned is used only when the Head of State and the Head of Government make a formal address to the nation through that medium. Thirdly, Mr. Chairman, in this particular case, the arrangements for this particular press conference were not the responsibility of Pakistan Television. The press conference was held in the auditorium of the Prime Minister's Secretariat and it is significant to note that the date on which the press conference was held, the date was the third of December, 1988. The Prime Minister had taken oath of office less than 24 hours ago. Her cabinet had not yet been sworn in. There was absolutely no official to assist her in the process of ensuring adequate arrangements. It can be described that the state of affairs at the Prime Minister's secretariat was that of a transitional nature. When the Prime Minister realized that an unfortunate misunderstanding may have occurred in the minds of the citizens as to any possible disrespect to the person of the Quaid-i-Azam; she personally ordered me to conduct an immediate inquiry into the circumstances of this incident, and taking the earli[illegible] possible action we determined that it was principally as a result of the confused state of arrangements at that time when a new Government had just been established, the cabinet had not yet taken position. Responsibilities were identified but in the interest of not being vengeful and malicious at that particular moment, no deterrent action or punitive action has been taken against the people responsible for ensuring the arrangements. But I would like to once again emphasize that at no point has the Prime Minister or the Pakistan Television or the Government ever intended any disrespect to the personage of the Quaid-i-Azam and in conclusion, Mr. Chairman, because unfortunately the moving of the motion has been used as an opportunity to make attacks on the founder of the party that presently has the responsibility to conduct the business of the Federal Government.

May I respectfully submit that one or the two honourable members who spoke belong to a party that at one point in our history called the Quaid-i-Azam 'Kafir-i-Azam' and secondly, may I submit that the very party to which the mover of this motion belongs has segmented and fragmented itself into so many smithereens

[Mr. Javed Jabbar]
that the very dignity and credibility of the august name of the Muslim League has been reduced to a new depth.

Thank you.

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! میں یہ بات وضاحت کے طور پر کہنا چاہتا ہوں مولانا مودودی کے بارے میں یہ بات بار بار ایک الزام کے طور پر کہی جاتی ہے کہ انہوں نے قائد اعظم کو کسی وقت العیاذاً باللہ کافر اعظم کہا تھا۔ میں اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں یہ بالکل غلط طور پر ان کی طرف منسوب کی جاتی ہے انہوں نے تو حقیقت یہ ہے کہ کسی کافر کو بھی کافر اعظم نہیں کہا۔ ان کی تو یہ زبان ہی نہیں تھی۔

ورجب سے پاکستان بنا ہے ہم نے قائد اعظم کی شخصیت کو غیر متنازعہ شخصیت کے طور پر قبول کیا ہے ہم نے ان کا احترام کیا ہے اور اس وقت بھی جو ایوان میں پروفیسر خورشید صاحب نے ان کے احترام میں کہا یہ ریکارڈ پر بات آئی ہے اور یہ الزام بالکل غلط ہے میں بتا سکتا ہوں کہ قائد اعظم کو کس نے کافر اعظم کہا تھا کس موقع پر کہا تھا۔ اور اسکا موقع و محل کیا تھا۔ لیکن میرا خیال ہے کہ اس کے نتیجے میں اور زیادہ controversy پیدا ہوگی۔ تنازعات پیدا ہوں گے۔ اس لئے میں اس تنازعہ میں نہیں پڑنا چاہتا لیکن ریکارڈ درست کرنے کے لئے میں یہ کہنا چاہتا ہوں۔ اور ایک وزیر کی طرف سے یہ بات کہنا تو انتہائی افسوسناک ہے اور میں ان سے یہ تقاضا کروں گا۔ کہ وہ اپنی اس غلط بیانی کی معافی مانگیں۔

جناب چیئرمین: نہیں جی آپ نے اپنی وضاحت کر دی۔ میرا خیال ہے کہ آپ کی وضاحت آگئی ہے ریکارڈ پر۔ محمد علی خان صاحب!

Mr. Muhammad Ali Khan: To put the record straight I would just like to say one thing i.e. that there are diferences amongst people and that is the essence of democracy. We may have had

certain differences but by the grace of God Almighty, today Muslim League is one and a very strong organization. I must remind the people here that it is that organization which created this country. Had it not been for the Muslim League we would not have been here. So, I am sorry to hear such things about that organization which created this country, which brought porsperity to people and which has got a great future. I thank you, Sir.

**Mr. Chairman:** Dr. Noor Jehan Sahiba, in view of the assurance by the honourable Minister that this was neither intended and this arrangement was not on behalf of the Pakistan Television and this was really as a result of the confusion which was because of the transitional nature of the arrangements, and it was not advertently or deliberately done, would you like to press this motion.

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: جناب چیئرمین صاحب! وزیر صاحب کی یقین دہانی پر میں یقیناً یقین کر لیتی لیکن انہوں نے اپنی منسٹری کو بچانے کے لئے باقیوں پر جو blames لگائے ہیں۔ اس کی بجائے اگر وہ خود تسلیم کرتے کہ ان سے غلطی ہوئی ہے تو میرے خیال میں بہتر ہوتا۔ میں اس کو پریس کرتی ہوں۔

جناب چیئرمین: انہوں نے چونکہ یہ کہا ہے کہ انکوائری بھی اس سلسلے میں ہو رہی ہے ان کو خود یہ حکم ملا ہے کہ انکوائری کی جائے۔

جناب جاوید جبار: انکوائری کی گئی ہے اور یہ ختم کر دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: اور انکوائری بھی ختم کر دی ہے responsibility بھی fix کر دی ہے۔ اس لئے مناسب یہی ہوگا کہ آپ اسے پریس نہ کریں۔ جی ڈاکٹر صاحبہ۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: میں جی اسے پریس کرتی ہوں۔

**Mr. Chairman:** Then I am afraid, I will have to give a ruling.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب چیئرمین صاحب۔

جناب چیئرمین: چلیں آپ بھی اس پر اظہار خیال کر لیں۔ If I am being asked to give a ruling لیکن ایڈمیسبلٹی پر بات کریں کہ

How is this privilege motion admissible?

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم جناب والا! جو تحریک محترمہ نے پیش کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ ایک ایسی تحریک ہے جس پر انہوں نے صحیح طور پر قوم کے ہر فرد کے جذبات کی ترجمانی کی ہے انہوں نے صحیح فرمایا کہ ایک ایسی ناکام کوشش کی گئی ہے کہ بابائے قوم کے برابر کسی اور شخصیت کو لانا مقصود تھا۔

جناب چیئرمین: بہرہ ور صاحب ذرا ایڈمیسبلٹی پر بات کریں۔

(*Interruptions*)

Mr. Javed Jabbar: یہ تو غلط بات ہے۔ because I have explained the position.

Mr. Chairman: Please. Please you must abide by the etiquette and the procedures of this House. The floor has been given to Akhunzada Behrawar Saeed. I am requesting him to confine his arguments to the admissibility of the motion. Nobody is to stand up unless I have requested him to stand up. So please I hope and I request you and pray that please abide by the decorum and dignity of this House which we have maintained over the last so many years.

I am requesting you (addressing Akhunzada Behrawar Saeed) that please confine yourself at this stage to the admissibility question. The other matters have already come before the House.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب عالی! میں اسی موضوع پر گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ یہ کہنا کہ پاکستان ٹیلی ویژن کو اس کا علم نہیں تھا

یا یہ کہنا کہ محترمہ وزیر اعظم صاحبہ کے دل میں حضرت قائد اعظم کے لئے بہت عزت ہے۔ پھر وہ دو تصویروں کا وہاں موجود ہونا ایک محترمہ کا اور ایک ان کے والد بزرگوار کا پھر اس کی کیا ضرورت تھی۔ پھر قائد اعظم کی فوٹو کیوں نہ تھی۔ ایک ایسی چیز جس کو سب نے دیکھا۔ سب نے اس پوائنٹ کو نوٹ کیا۔ اور آپ کی بار یہ کہنا کہ ان کے دل میں بڑی تعظیم ہے بڑی عزت ہے، ہوگی۔ لیکن کہنے کی بات اور ہے اور کرنے کی بات اور ہے جو کچھ ہم نے دیکھا بلکہ میں یہ کہوں گا۔ (مداخلت)

Mr. Chairman: I will be grateful if you confine yourself to the admissibility question.

پہلی چیز تو یہ ہے کہ breach of privilege کا سوال آپ اٹھائیں۔۔۔۔ (مداخلت)

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب اس سے ہر ایک شہری کا استحقاق مجروح ہوا ہے ہر ایک پاکستانی کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ کس طرح ہوا ہے؟ اس کی ذرا وضاحت کیجئے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اس طرح سے کہ جب سربراہ مملکت یا سربراہ حکومت کسی فنکشن میں حصہ لیتے ہیں تو وہ ایک عام شہری کی حیثیت سے نہیں بلکہ اس ملک کی وزیر اعظم کی حیثیت سے وہاں پریس کانفرنس سے مخاطب ہو رہی تھیں۔ اور جو انتظامات کرائے گئے تھے یا کئے گئے تھے وہ ایک وزیر اعظم کے لئے اس وقت کے فنکشن کیلئے کئے گئے تھے یا کروائے گئے تھے۔ مجھے تو ایک بڑے ذمہ دار شخص نے بتایا کہ جب اس نے پوچھا کہ یہ دو تصویریں کیوں ایسے رکھی ہیں۔ تو انہوں نے مجھے کہا کہ ہمیں ہدایت کی گئی تھی کہ ایسے ہو۔

جناب جاوید جبار: غلط بیانی ہے

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! اگر کسی دوست نے بڑے جوش میں۔ اس کا حق ہے۔ بنائیے وہ نمبر۔ لیکن وہ قائد اعظم کے نام پر یا قائد اعظم کی شخصیت کی اہمیت پر نمبر بنانے کی کوشش نہ کرے۔ ہر ایک چیز قابل برداشت ہوگی۔ مگر بابائے قوم کی توہین، یہ بھی ان کی توہین ہے کہ کسی اور فرد کو اس کے ۔۔ (مداخلت)

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: Point of order. Sir, I think the honourable Chairman has been reminding the House as to what is the meaning of privilege. I would also draw the attention to Rule 63(2) of the Rules of Procedure. The point is how has this incident prevented this Senate from functioning or how are the members of the Senate prevented from discharging their duties. If they would confine themselves to that perhaps we will be in a better position to consider the matter. I do not understand what is going on here.

Mr. Chairman: You are right. Behrawar Saeed Sahib, kindly confine yourself to the admissibility of this privilege motion.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! مجھے بڑا افسوس ہے کہ یہ کوشش بار بار وزراء صاحبان کی طرف سے کی جاتی ہے کہ کسی مقرر کو اپنے ٹریک سے دوسری طرف لے جایا جائے میں ان نوجوانوں سے عرض کروں گا۔ ایسی ناکام کوشش نہ کیجئے۔ جو کچھ ہم کہنا چاہتے ہیں۔ جس لائن پر تقریر کرنا چاہتے ہیں آپ ہزار بار کوشش کریں اس ٹریک سے کم از کم آپ مجھے ہٹا نہیں سکتے۔

جناب چیئرمین: آپ ایڈمیسیبلٹی تک رہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: ایڈمیسبلٹی یہی ہے ہم یہاں یہ سیکھنے نہیں آئے ہوئے ہیں۔ کہ تحریک استحقاق کیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ میں وزیر صاحب کو یہ بتاؤں کہ میں بھی کچھ تھوڑا بہت قانون جانتا ہوں۔ میں قانون دان ہوں۔ میں اس چیز کی اہمیت کو اچھی طرح جانتا ہوں اور اگر مجھے ضرورت پڑی تو میں آپ سے سیکھنے کیلئے آپکے دفتر آجاؤنگا۔ لیکن اسوقت مجھے ضرورت نہیں ہے۔ جناب میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ یہ کیسی عجیب بات ہے۔ کہ اس سے کسی رکن کا استحقاق مجروح نہیں ہوا۔ یہ پارلیمنٹ یہ سینیٹ کس کی برکت سے ہے اگر قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ پاکستان لے کر ہمیں نہ دیتے آج بھی کتنے ممبر جو بطور وزیر بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ وزیر کس طرح ہوتے ہیں۔ جناب یہ ہر ایک کا حق ہے کہ اٹھ کر اپنے بابا کی شان میں جو گستاخی ہوئی ہے۔ اس پر احتجاج کرے۔ اور میں اس احتجاج میں شریک ہوں جس طریقے سے جس بھونڈے طریقے سے ان کی توہین کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے میں سمجھتا ہوں نہ پاکستان میں کوئی ایسا پیدا ہوا اور نہ کوئی ایسا پیدا ہوگا۔ جو کہ ان

کی شان کے برابر ہو۔ یا انکی قدو قامت کے برابر یا انکی خدمات کے برابر ہو چاہے جو بھی ہو کوئی وزیر اعظم ہو چاہے کوئی گورنر ہو یا پریذیڈنٹ ہو وہ سب کچھ ہو گا مگر قائد اعظم کے برابر نہیں ہو گا۔ اس واسطے ہمارا حق مجروح ہوا ہے۔ لہذا میں گزارش کروں گا جناب والا! ہر ایک شہری کا اور خاص کر ہر ممبر کا استحقاق مجروح ہوا ہے ہمیں موقع دیا جائے کہ ہم اس پر تفصیل سے بحث کریں۔

جناب چیئرمین: تھینک یو جی۔ جناب آصف وردگ صاحب لیکن جاوید جبار صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

